ہیں جو اُوپر آ گئی ہیں، اس سے زیادہ اپنا "اقول" لگانا لفاظی ہوگی۔ پڑھے جانے کے لائق جو تھوڑی سی کتابیں چھپتی ہیں۔ یہ ان میں سے ایک ہے۔

پیش لفظ دیباچہ اور فہرستِ مآخذ کے علاوہ ایک سو ایک منتخب تحریریں اس میں شامل ہیں، جن میں ایمان و اخلاق، اسلامی معاشرت، تاریخ و سیاست اور ادب و ثقافت کی قدریں چمک رہی ہیں۔ ہمیں شیخ نذیر حسین صاحب سے قوی اُمید ہے کہ وہ اِس کتاب کا اگلا حصہ بھی جلد پیش کر پائیں گے۔

معرکۂ سنّت و بدعت تالیف: محمد اشفاق حسین ناظم مجلسِ احیائے توحید و سنّت حیدر آباد (انڈیا)، ناشر: مجلسِ احیائے توحید و سنت۔ ملنے کے پتوں میں سے ایک: مؤلف سے پتہ ذیل پر طلب کریں، الاوہ بی بی - حیدر آباد (اے پی) ۲۳ - انڈیا۔ صفحات: ۳۲۰ - قیمت: ۵/۔ روپے

یہ کتاب مجھے خاصی اہم معلوم ہوتی۔ اس میں ایک تو سنّت اور اس کے بالمقابل بدعت کی حتمی تعریف مستند حوالوں اور دلائل سے سامنے آتی ہے۔ دوسرے سنت و بدعت کے سلسلے میں سلف اور حال کے ۵۲ معروف علما کے ارشادات پیش کیے گئے ہیں۔ پھر "بدعتِ حسنہ" کی اصطلاح سے پیدا ہونے والے مغالطوں کا ازالہ کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں بدعات کی بہت سی ایسی مثالوں کا تذکرہ ہے جن کا تذکرہ محدثین اور فقہا کی کتابوں میں ہے اور ان پر توجہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہم کس طرح ہر قسم کے مروجات کے سیلاب میں بہے جا رہے ہیں اور حقیقت کا کچھ پتہ نہیں۔

اپنے دین کو خدا کے لیے خالص اور نبی کی سنّت کے مطابق بنانے میں اِس کتاب سے بہت مدد مل سکتی ہے۔

اشاعت کے لیے خاص اُردو رسائل مرتبہ حکیم نعیم الدین زبیری۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد، کراچی ۱۸۔ صفحات: ۲۷۰، طباعتی معیار پسندیدہ، مجلد مع رنگین گرد پوش قیمت: ۴۵/۔ روپے

ہمدرد لائبریری اچھی بڑی لائبریری ہے۔ اس میں ۵۰ ہزار مطبوعہ کتب، علاوہ ازیں مخطوطات، پھر پانچ سو عنوانات کے تحت پاکستان کے اہم اخبارات کے جمع کردہ تراشے، دس ہزار کے قریب تصاویر،